عوام کی آگاہی اور بچاؤ کیلئے

احتیاطی تدابیر برائے

ڈینگی

محکمہ صحت
حکومت پنجاب

ٹال فری نمبر

0800-99000

ہر ایک کال

ڈینگی بخار سے متعلق راہنمائی میں مددگار

محکمہ صحت
حکومت پنجاب

ڈینگی کی روک تھام کیلئے اہم اقدامات

- سٹی ڈسٹرکٹ گورنمنٹ کو سپرے کیلئے 45 کروڑ روپے کی فراہمی
- پلیٹ لیٹس مشینوں کی تعداد 8 سے بڑھا کر 60 کر دی گئی اور اس مقصد کیلئے 24 کروڑ روپے کی خطیر رقم کی فراہمی
- سرکاری ہسپتالوں میں ڈینگی کے مریضوں کیلئے مختص بستروں کی تعداد 150 سے بڑھا کر 1000 کر دی گئی علاوہ ازیں ان ہسپتالوں کے کانفرنس اور انتظامیہ کے دفاتر ڈینگی کے مریضوں کیلئے مخصوص
- ڈینگی سے متعلق مشورے اور رہنمائی کیلئے ہیلپ لائن برائے ڈینگی (0800-99000) کا قیام اور عوامی رہنمائی کیلئے ہمہ تن گوش طبی ماہرین کی یقینی موجودگی
- 8 کروڑ روپے کی لاگت سے بلڈ ٹیسٹ کی 100 مشینوں کی درآمد
- ڈینگی پر قابو پانے، عوامی آگاہی، ڈینگی کے علاج کیلئے سری لنکن ماہرین کی خدمات کا حصول، سری لنکن ماہرین کی جانب سے سیمینارز اور دیگر پروگرامز کے ذریعے عوام کی رہنمائی
- ڈینگی کے بلڈ ٹیسٹ کا ریٹ 90 روپے مقرر کر کے نجی ہسپتالوں میں حکم پر عمل درآمدگی، خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف سخت کاروائی
- لاہور کے 10 سرکاری فیملی کلینکس میں تشخیصی مراکز کا قیام
- پرائیویٹ ہسپتالوں، خیراتی ہسپتالوں اور این جی اوز کے زیر اہتمام چلنے والے طبی مراکز میں بلڈ ٹیسٹ کی سہولت اور 400 سے زائد بستروں کی فراہمی
- لیبر ڈیپارٹمنٹ اور سوشل سکیورٹی کے ہسپتالوں میں ڈینگی وارڈز کا قیام
- عوام کی آگاہی کیلئے ماہرین نفسیات کی خدمات کا حصول
- لاہور سالڈ ویسٹ مینجمنٹ کمپنی، صفائی کے دیگر اداروں، ڈاکٹروں، وبائی امراض کے ماہرین اور صحافیوں کے تعاون سے تربیتی پروگرام کا آغاز
- لاہور کے 9 ٹاؤنز اور کنٹونمنٹ ایریا میں سپرے کے تین مراحل کی تکمیل
- وزیر اعلیٰ پنجاب کی زیر صدارت روزانہ کی بنیاد پر سنٹرل رسپانس کمیٹی کے اجلاس
- اسی طرح ٹاؤنز کی سطح پر فعال تحصیل رسپانس کمیٹیوں کی تشکیل اور ان میں اراکین قومی و صوبائی اسمبلی کی شرکت

گھریلو ڈینگی مچھر سے بچاؤ کی احتیاطی تدابیر

- **مچھر مار ادویات کا سپرے**

ہفتے میں دو سے تین بار گھر، دفاتر اور دوکانوں میں صفائی کر کے مچھر مار ادویات کا سپرے کریں اور دروازے ایک گھنٹہ کیلئے بند رکھیں۔

- **بیرونی سپرے**

آپ کے علاقہ میں جب مچھر مار ادویات کا سپرے ہو رہا ہو تو گھر کے دروازے اور کھڑکیاں کھلی رکھیں تا کہ سپرے کے اثرات گھر کے اندر تک آسکیں۔

- **گھڑے، ڈرم اور ٹینکی**

پانی جمع کرنے کے برتن مثلاً گھڑے، ڈرم، بالٹی، ٹب اور ٹینکی وغیرہ کو صحیح طور پر ڈھانپ کر رکھیں اور باقاعدگی سے خشک کر کے صاف کریں۔

- **روم کولر کا پانی**

روم کولر وغیرہ جب استعمال میں نہ ہوں تو ان میں سے پانی خارج کر دیں۔

- **سوئمنگ پول کا پانی**

گھروں میں موجود فواروں، آبشاروں اور سوئمنگ پول وغیرہ کا پانی نکال کر انہیں بند کر دیں۔

- **گٹر کے ڈھکن**

گٹر کے ڈھکن پر بنے سوراخوں میں پانی کھڑا نہ ہونے دیں۔

- **اے سی سے خارج ہونے والا پانی**

اے سی سے خارج ہونے والا پانی زیادہ دیر کھڑا نہ رہنے دیں۔

- **دروازوں اور کھڑکیوں پر جالی**

دروازوں اور کھڑکیوں پر جالی لگوائیں۔

گھریلو ڈینگی مچھر سے بچاؤ کی احتیاطی تدابیر

- **کوائل میٹ، مچھر بھگاؤ لوشن**

مچھروں سے بچاؤ کے لئے کوائل میٹ، مچھر بھگاؤ لوشن اور مچھر دانی کا استعمال کریں۔ڈینگی بخار کی تشخیص ہو جانے کی صورت میں مچھر بھگاؤ لوشن کا استعمال لازمی کریں۔

- **پوری آستین کے کپڑے**

خصوصی طور پر صبح اور شام کے اوقات میں پوری آستین کی قمیض استعمال کریں۔

- **پرندوں اور جانوروں کے برتن**

پرندوں اور جانوروں کے برتنوں کو باقاعدگی سے صاف کر کے خشک کریں اور اُن میں بلاضرورت پانی نہ رہنے دیں۔

- **کیاریوں، گملوں اور پرانے برتنوں میں پانی**

گھروں کے اندر، اردگرد، چھتوں، پودوں کی کیاریوں، گملوں، پرانے برتنوں اور ٹائروں وغیرہ میں پانی جمع نہ ہونے دیں۔

- **باغیچے میں جانے سے پہلے**

شام کے وقت باغیچے میں جانے سے پہلے جسم پر مچھر بھگاؤ لوشن ضرور لگائیں

- **صاف ستھرا ماحول**

اپنے گھر، پارک، مارکیٹ اور اردگرد کے ماحول کو صاف ستھرا اور خشک رکھیں۔کسی بھی قسم کے پانی اور کوڑا کرکٹ کو ہرگز جمع نہ ہونے دیں۔

- **گھر کے صحن میں اور چھت کے اوپر**

گھر کے صحن میں اور چھت پر پرانا سامان ٹائر، برتن وغیرہ پڑے نہ رہنے دیں۔اسی طرح ملبہ اور پرانا تعمیراتی سامان فوری طور پر ہٹا دیں۔

گھریلو ڈینگی مچھر سے بچاؤ کی احتیاطی تدابیر